## مردان میں ممتاز مذہبی اسکالر اور سوات یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر فاروق کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، الطاف حسین

لندن۔۔۔2، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے مردان میں ممتاز مذہبی اسکالر اور سوات یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر فاروق کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ڈاکٹر فاروق کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔انہوں نے مقتول ڈاکٹر فاروق کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مقتول کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## مردان میں سوات اسلامک یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر فاروق خان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعہ پر
## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک کا اظہار مذمت
## اے این پی کی صوبائی حکومت عوام کی جان و مال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے۔گلفراز خان خٹک
## بم دھماکے، پولیس چوکیوں پر حملے، ٹارگٹ کلنگ اور دہشت گردی کی کارروائیاں روز کا معمول بن چکی ہیں
## خیبر پختونخواہ کی حکومت صرف لوٹ مار میں مصروف ہے، عوام اے این پی کی حکومت سے بیزار ہوچکے ہیں

کراچی۔۔۔2 اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک نے مردان میں ممتاز مذہبی اسکالر اور سوات اسلامک یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر فاروق خان کی ٹارگٹ کلنگ کے قعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں گلفراز خان خٹک نے کہا کہ اے این پی کی صوبائی حکومت صوبہ خیبر پختونخواہ میں عوام کی جان و مال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے جہاں بم دھماکے، پولیس چوکیوں پر حملے، ٹارگٹ کلنگ اور دہشت گردی کی کارروائیاں روز کا معمول بن چکی ہیں اور وہاں آئے دن ٹارگٹ کلنگ کے واقعات ہورہے ہیں، عوام کو نہ تو جان و مال کا تحفظ حاصل ہے اور نہ ہی زندگی کی دیگر سہولتیں حاصل ہیں بلکہ صوبہ خیبر پختونخواہ کی حکومت صرف اور صرف لوٹ مار میں مصروف ہے جس کی وجہ سے خیبر پختونخوا کے عوام اے این پی کی حکومت سے بیزار ہوچکے ہیں۔گلفراز خان خٹک نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ سوات اسلامک یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر فاروق خان کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور صوبہ خیبر پختونخوا میں عوام کو جان و مال کا تحفظ فراہم کیا جائے۔

## ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کیلئے لندن میں خصوصی حفاظت کا انتظام کیا جائے
## ایم کیو ایم نارتھ امریکہ کے رہنماؤں کا برطانوی وزیر اعظم ڈیوڈ کیمرون کو خط

واشنگٹن ڈی سی۔۔۔2، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ نارتھ امریکہ کے رہنماؤں نے برطانوی وزیر اعظم ڈیوڈ کیمرون سے ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی لندن میں حفاظت کیلیے خصوصی انتظامات کا مطالبہ کیا ہے۔یہ مطالبہ پچھلے دنوں لندن میں ڈاکٹر عمران فاروق کی انکے گھر کے سامنے قتل کے بعد ایم کیو ایم کی اعلیٰ قیادت بشمول ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی زندگی کو لاحق خطرات کے تناظر میں ایم کیو ایم نارتھ امریکہ کے رہنماؤں کی جانب سے برطانوی وزیر اعظم ڈیوڈ کیمرون کو لکھے جانیوالے ایک خط میں کیا گیا ہے۔اس خط میں جو آج ایم کیو ایم نارتھ امریکہ کے نگران اعلیٰ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، ایم کیو ایم نارتھ امریکہ کے نگراں عبادالرحمان، اور ایم کیو ایم یو ایس اے کے سینٹرل آرگنائزر کمال ظفر کے مشترکہ دستخطوں سے جاری ہوا ہے، میں کہا گیا ہے کہ ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا فلسفہ اور انکی جدوجہد پاکستان کے عام آدمی کو احترام اور قوت بخشنے اور ملک سے جاگیرداری، اور مذہبی انتہا پسندی کو ختم کرنے کیلیے ہے، اور انہی وجوہات کی بنا پر ایم کیو ایم کی اعلیٰ قیادت اور خاص طور پر ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی زندگی کو انہی غیر جمہوری، جاگیردار، اور انتہا پسند عناصر کی طرف سے شدید خطرات لاحق ہیں جو ایم کیو ایم کی قیادت کو ختم کرکے اس جدوجہد کو مٹانا چاہتے ہیں جس سے انکے مفادات کو خطرہ ہے۔ایم کیو ایم نارتھ امریکہ کے رہنماؤں نے خط میں کہا ہے کہ ایم کیو ایم کی اعلیٰ قیادت کو اور خصوصاً ایم کیو ایم کے قائد کی زندگی کو یہ خطرہ ڈاکٹر عمران فاروق کے قتل کے بعد اور بھی بڑھ گیا ہے اور ایم کیو ایم کے کارکنان اپنے قائد کی زندگی کو غیر محفوظ سمجھنے لگے ہیں۔ایم کیو ایم نارتھ امریکہ کے رہنماؤں نے خط میں مزید کہا ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ آج کی دنیا میں امن اور خوشحالی کیلیے

پاکستان میں امن واستحکام اورخوشحالی لازم ہے جبکہ پاکستان سے انتہاپسندی کا خاتمہ بھی ضروری ہے اوراس عظیم مقصد کے حصول کیلیے ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا محفوظ رہنا اوراس تحریک کی قیادت کرنا ضروری ہے جو پاکستان میں امن واستحکام کی خاطر اورانتہاپسندی کومٹانے کی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ برطانیہ نے ہمیشہ کمزوروں، مظلوموں،اوران لوگوں کوجنہیں اپنے ملکوں میں سیاسی بنیادوں پر جان کا خطرہ درپیش ہو،نہ صرف پناہ فراہم کی ہے بلکہ انکی حفاظت بھی کی ہے۔انہوں نے کہ وہ قوتیں جن سے ایم کیوایم کی اعلیٰ قیادت کو پاکستان میں خطرہ تھا،آج ڈاکٹرعمران فاروق کےلندن میں قتل کے بعد انہی قوتوں سے بیرون ملک بھی یہ خطرہ لاحق ہے۔انہوں نے خط میں برطانوی وزیراعظم سے برطانیہ کی مظلوموں اورخطروں میں گھرے ہوؤں کی حفاظت کی دیرینہ روایت کےحوالے سے لندن میں موجودایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اورایم کیو ایم کی اعلیٰ قیادت کی بھرپورحفاظت کیلیے فوری انتظامات کرنے کی درخواست کی ہےاورکہا ہے کہ برطانوی وزیراعظم کےایم کیوایم کے قائدالطاف حسین اورایم کیوایم کی قیادت کی حفاظت کے سلسلے میں کیے جانے والےاقدامات پر پوری دنیامیں پھیلے ہوئے لاکھوں ایم کیوایم کے ذمہ داران اورکارکنان شکرگزارہونگے۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کے زیراہتمام خورشیدبیگم میموریل ہال عزیزآبادمیں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی صحتیابی ودرازی عمرکیلئے دعائیہ اجتماع

کراچی۔۔۔03اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومومنٹ کی شعبہ خواتین کے زیراہتمام میں ہفتہ کے روزخورشیدبیگم میموریل ہال عزیزآبادمیں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی صحت وتندرسی اوردرازی عمر اورناگہانی آفتوں سے بچاؤ کے سلسلے میں دعائیہ اجتماع منعقدکیا گیاجسمیں میں یاسلامُ اورآیت کریمہ کاورد کیا گیا۔اجتماع میں ایم کیوایم مرکزی شعبہ خواتین کی انچارج کشورزہراوارا کین کمیٹی اورمختلف علاقائی،سیکٹرزویونٹس کی ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعدادمیں شرکت کی۔بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اوردرازی عمرکیلئے اورتحریک کی کامیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کےحضورخصوصی دعائیں کی گئیں۔

## یونائیٹڈ ہومن رائیٹس کونسل پاکستان کے وفدکی نائن زیروپرحق پرست ارکان سندھ اسمبلی سے ملاقات ڈاکٹرعمران فاروق شہیدکی شہادت پراظہارتعزیت

کراچی۔۔۔02اکتوبر2010ء

یونائیٹڈ ہومن رائیٹس کونسل پاکستان کے سیکرٹری جنرل مجاہدعلی کاظمی کی سربراہی میں ایک نمائندہ وفد نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروعزیزآبادمیں حق پرست ارکان سندھ اسمبلی وسیم احمداورندیم مقبول سے ملاقات کی اورایم کیوایم کے کنویز ڈاکٹرعمران فاروق شہیدکی المناک شہادت پردلی تعزیت وہمدردی کااظہارکیا۔وفدنے ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پر شدیدالفاظ میں مذمت کا اظہارکیا اورامیدظاہرکی کہ برطانیہ کی حکومت قاتلوں کوجلدازجلد گرفتارکرکے کیفرکردارتک پہنچائے گی۔وفد کے ارکان نے شہید کے والدین،عزیز واقارب اورایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین سے دلی افسوس اورمکمل یکجہتی کا اظہارکرتے ہوئےشہید کی مغفرت اورسوگواران کیلئے صبرجمیل کی دعا کی۔

## ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹرکےکارکن عبدالوحیدکےانتقال پرالطاف حسین کااظہارافسوس

لندن۔۔۔2،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 191 کےکارکن عبدالوحید کےانتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہارکیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کےسوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئےانہیں صبرکی تلقین کی اورکہاکہ مجھ سمیت ایم کیوایم کےتمام کارکنان آپ کےغم میں برابرکےشریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعاکی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائےاورسوگوارلواحقین کویہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطاکرے۔(آمین)

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔2، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر شیر شاہ یونٹ کے کارکن محمد طارق قریشی کے والد محمد رفیق قریشی اور ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ B-143 کے کارکن سید نہال اشرف کی والدہ محترمہ بشریٰ خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ ( آمین )

☆☆☆☆☆